© rasailojaraid.com



یَّنْقَلِبُوْنَ (الشعراء ۲۶:۲۲۷)، ''جنھوں نے ظلم کیا وہ عنقریب جان لیں گے کہ ان کا انجام کیا ہوتا ہے!''

# تراویح میں ختم قرآن پر بھی پابندی

مسلم سجاد

استعماری طاقتیں فوجی قبضے کے بغیر بھی اپنے طویل المیعاد مقاصد کس کس طرح حاصل کر رہی ہیں' اس کا ایک اندازہ ہمیں اپنے ملک میں بھی ہے جہاں ابتدائی عمر کے تدریسی نصابات سے قرآن کی ان تعلیمات کو حذف کیا جا رہا ہے جو ان کو پسند نہیں ہیں۔ لیکن بات کہاں تک پہنچ سکتی ہے' اس کا اندازہ مصر کی اس خبر سے کیا جا سکتا ہے جو المجتمع کے حوالے سے دعوت' دہلی میں اس کے ایک قاری کی جانب سے شائع ہوئی ہے۔

دشمن نے اس بات کو اچھی طرح سمجھ لیا ہے کہ جب تک مسلمان کا تعلق قرآن سے قائم ہے' اسے دین کے بنیادی تقاضوں سے بے تعلق نہیں کیا جا سکتا۔ اس سے ہر مسلمان کو اس بات کی اہمیت کو ازسرنو ذہن نشین کرنا چاہیے کہ ابتدائی عمر ہی سے قرآن سے زندہ تعلق اور پھر عمر کے ہر حصے میں اس کو برقرار رکھنا اس کی دنیا و آخرت کے لیے کتنی اہمیت رکھتا ہے۔ المیہ تو یہ ہے کہ مسلم ممالک میں ان استعماری طاقتوں کو جو آلۂ کار ملے ہیں وہ شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بنے ہوئے' ہر ہدایت پر عمل کرنے کے لیے آمادہ ہیں' اور ساتھ ہی یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ ہم یہ سب کچھ کسی دباؤ کے بغیر کر رہے ہیں۔ المجتمع کی خبر کچھ اس طرح ہے:

مصری وزارت اوقاف نے اس بار ماہ رمضان المبارک میں روزانہ نماز تراویح میں قرآن کریم پڑھنے اور سننے پر پابندی عائد کر دی تھی۔ اس کے مطابق کسی مسجد میں تراویح میں قرآن ختم کرنے کے لیے انتظامیہ کی منظوری ضروری قرار دی گئی۔ حکومت نے ملک کی ۵۰ ہزار ۸ سو ۷ مساجد میں سے صرف ۵۱ مساجد میں تراویح میں ختم قرآن کریم کی اجازت دی تھی۔ گویا ہر ۱۶۸۲ مساجد میں صرف ایک مسجد میں قرآن کریم ختم کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قاہرہ کی وزارت اوقاف کے ترجمان شیخ فواد عبدالعظیم نے ان پابندیوں کی خبر دی اور بتایا کہ شہری مساجد (جن کی تعداد تقریباً ۱۵ ہزار ہے) کے لیے لازم کیا گیا تھا کہ وہ تراویح میں ختم قرآن کریم کے لیے حکومت سے اجازت حاصل کریں۔ قاہرہ کے گورنر ڈاکٹر عبدالعظیم وزیر نے کہا کہ قاہرہ میں تراویح میں ختم قرآن کی اجازت صرف تین مساجد میں دی گئی: (۱) مسجد نور (۲) مسجد ازہر (۳) مسجد عمرو بن العاص۔

مصری وزیر اوقاف نے ان نئی پابندیوں کو یہ کہتے ہوئے جائز و درست ٹھیرایا کہ وزارت ملک کی تمام مساجد میں تراویح میں ختم قرآن کی اجازت نہیں دے سکتی، ہاں مساجد کے قریب آباد باشندوں کی ختم قرآن کی درخواست پر وہ اس کی منظوری دے سکتی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ۱۵ مساجد میں مکمل ختم قرآن کی اجازت کافی ہے۔ کیونکہ بہت سے نمازی بوڑھے اور بیمار ہوتے ہیں، پورا قرآن کریم سننا ان کے لیے زحمت اور تکلیف کا باعث ہوگا۔ (المجتمع سے ترجمہ، محمد جسیم الدین قاسمی، بحوالہ دعوت، دہلی، ۴ دسمبر ۲۰۰۴ء)

WEST VS ISLAM

سید ابوالاعلیٰ مودودی

تنقیحات کا ترجمہ

صفحات 317
قیمت 120 روپے

- اسلام اور مغرب پر معرکہ آرا مضامین
- مغرب زدہ ذہن کے لیے تریاق

موجودہ بدلتے ہوئے ملکی حالات کے تناظر میں
پروفیسر خورشید احمد کے قلم سے

پاکستان میں جمہوریت کا المیہ — ۵ روپے

مسئلہ کشمیر پر موجودہ حکومت کی پسپائی کی داستان

کمانڈو صدر کی الٹی زقند — ۵ روپے

ملکی تعلیمی نظام آغا خان فاؤنڈیشن کے حوالے
سلیم منصور خالد کا تجزیہ

آغا خان امتحانی بورڈ — ۵ روپے

سیکڑے پر خصوصی رعایت

مزید تفصیلات کے لیے ہماری فہرست طلب کریں۔ نقد یا ڈرافٹ کے ساتھ آرڈر دیں

منشورات منصورہ ملتان روڈ لاہور۔ 54570 فون: 042-543 4909 فیکس: 042-543 2194
ای میل: manshurat@hotmail.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


## STUDENT COUNSELING SERVICES

S.C.S

### بیرون ملک داخلے + ویزہ

سٹوڈنٹ کونسلنگ سروسز (S.C.S) برٹش کونسل سے رجسٹرڈ مستند ادارہ ہے جو 1993ء سے طلبا کو انگلینڈ، آئرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا وغیرہ میں داخلے، ویزہ و پارٹ ٹائم جاب کے لیے رہنمائی کر رہا ہے۔ 200 سے زاید بیرون ملک طلبا، ملک بھر میں 10 دفاتر ادارہ کی ساکھ کا مظہر ہیں۔

*Head Office:*
Suite # 7, 5th Floor, Abrar Business Center, 25-Wahdat Road, Lahore-54600, Pakistan.
UAN: (92-42) 111-189-189, Tel: (92-42) 7534929-30, Fax: (92-42) 7534603.
E-mail: info@myscs.org Web: www.myscs.org

- راولپنڈی: 051-4581437
- پشاور: 091-844075
- گوجرانوالہ: 0431-733911
- فیصل آباد: 041-531155
- ملتان: 061-512923
- اوکاڑہ: 0303-6783799
- رحیم یار خان: 0731-87553
- حیدرآباد: 0221-869730



## نیو النور جیولرز

زیورات کی دُنیا میں
انقلابی فوائد کے ساتھ

☆ ہمارے ہاں زیورات بغیر ٹانکہ کے جدید طریقے سے تیار کیے جاتے ہیں

☆ ہمارے تیار کردہ زیورات کی واپسی پر کاٹ نہیں لی جاتی لہٰذا ہمارے زیورات آپ کا محفوظ سرمایہ ہیں جنھیں آپ کسی بھی وقت کیش کرا سکتے ہیں۔

**ہمارا معیار ہی ہماری کامیابی کی ضمانت ہے**

امید ہے کہ نہ صرف آپ ہمیں خدمت کا موقع دیں گے بلکہ اپنے عزیز و اقارب کو بھی ان فوائد سے آگاہ کریں گے

دکان نمبر F/461 نزد لاجواب فروٹ چاٹ
صرافہ بازار (بھابڑا بازار) راولپنڈی
فون: 0303-6502400 , 051-5539378

نیو برانچ
سوقِ ادریس علی پلازہ، مری روڈ، راولپنڈی
فون: 0300-5307571 , 051-5552209


© rasailojaraid.com